9845 ـ تعزیت کے وقت بعض لوگوں کا کہنا کہ: باقی ماننده آپ کی زندگی میں

سوال

میں نے سنا ہے کہ بعض لوگ تعزیت میں یہ کہتےہیں: (باقی ماننده آپ کی زندگی میں) یہ قول کہاں تك صحیح ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

یہ کہنا غلط ہے، کونسی چیز باقی ماننده ہے، حالانکہ اللہ عزوجل تو فرما رہے ہیں:

اور ہر گروہ کے لیے ایك میعاد متعین ہے، سو جس وقت ان کی میعاد معین آ جائےگی تو اس وقت ایك ساعت نہ پیچھے ہٹ سکیں گے اور نہ آگے بڑھ سکیں گے الاعراف (34).

لهذا جب میت فوت ہوئی تو اس نے اپنی ساری عمر پوری کر لی تھی، اور نہ تو وہ ایك سیکنڈ آگے ہوسکتی ہے اور نہ ہی پیچھے تو پھر باقی ماننده کیا رہا ؟

پھر اس میں تعزیت میں سنت طریقہ کی مخالفت بھی ہے، سنت تو یہ ہے کہ تعزیت میں یہ کہا جائے:

جو اللہ نے لیا وہ اللہ کا ہی تھا، اور جو اس نے دے رکھا ہے وہ بھی اللہ کا ہی ہے.

یا یہ کہا جائے:

اللہ تعالی آپ کے اجروثواب میں زیادتی کرے، اور آپ کی بہتر تسلی دے اور آپ کے فوت شدہ کو بخشے.

اس طرح کے کلمات کہنے چاہیں.